© rasailojaraid.com



اس کتابچہ میں ثبوت ھلال کے طریقے، اختلاف مطالع، ریڈیو کی خبر رؤیت، مرکزی رؤیت ھلال کمیٹی کی متنازعہ کارکردگی اور دارالعلوم کورنگی کے فتاویٰ دارالعلوم نصرت العلوم کے فتاویٰ، دالافتاء جامعہ فاروقیہ، مفتی محمودالحسن گنگوھی کی آراء کو پیش کیا گیا۔

مفتی صاحب نے مختصر انداز میں اھل علم کی رہنمائی کے لئے یہ کتابچہ مرتب فرمایا ہے۔

کتاب : رؤیت ھلال سائنسی اور فقہی تحقیق کی روشنی میں

مصنف : مفتی ابوالحسن عظمت اللہ سعدی

ناشر : ادارہ تحقیقات اسلامیہ جامعہ عظمت المدارس العربیہ
جدید ھنجل قباء مسجد نزد ترنگ قبرستان بنوں سٹی

قیمت وصفحات : ۱۱۰ صفحات، ۶۰ روپے

مفتی صاحب جامعہ المرکز الاسلام سے طویل عرصہ وابستہ رہے اور المباحث الاسلامیہ کے مدیر مسؤل کی حیثیت سے فرائض انجام دیتے رہے۔ آپ متعدد کتب کے بھی مصنف ہیں، قارئین مجلہ پچھلے شماروں میں موصوف کی کتب پر تبصرے ملاحظہ فرما چکے ہیں۔

رؤیت ھلال پر یہ مختصر اور جامع کتاب ہے جس پر چیف ایڈیٹر کے ساتھ دیگر مفتیان کرام کی تصدیقی تقاریظ موجود ہیں۔

کتاب میں رؤیت کے اصول، ثبوت رؤیت، اختلاف رؤیت کے دس اسباب، شرائط رؤیت، ٹیلی فون، ریڈیو کے ذریعہ رؤیت کا اعلان موجودہ رؤیت ھلال کمیٹی کی شرعی حیثیت، ماہرین فلکیات اور سعودی عرب و افغانستان کی رؤیت سے بحث موجود ہے، اہم مباحث کتاب کا حصہ ہیں، آخر میں مصدر و مأخذ کی نشاندہی کی گئی ہے۔

© rasailojaraid.com